رؤية عمان 2040

وزارة الاقتصاد
Ministry of Economy

گیارھواں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ
2030 - 2026

# کمیونٹی ایڈیشن



گیارهواں پانچ ساله ترقیاتی منصوبه

2030 - 2026

## پانچ سالہ ترقیاتی منصوبوں سے کیا مراد ہے؟

یہ وہ عملی نتائج ہیں جو ترقیاتی منصوبہ بندی کے عمل کی بنیاد پر مرتب ہوتے ہیں، اور ترقی کی ترجیحات کو واضح اہداف، عملی پروگراموں اور پیمائش کے اشاریوں میں تبدیل کرتے ہیں۔

پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے، وژن عمان 2040 کی اسٹریٹجک سمتوں کو عملی پروگراموں اور حقیقت پسندانہ منصوبوں میں ڈھالتے ہیں، جو پائیدار ترقی کی رفتار کو آگے بڑھانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

اسی طرح، پانچ سالہ منصوبے سرمایہ کاری کی ترجیحات کے تعین، وسائل کی مؤثر تقسیم، اور مختلف شعبوں کے درمیان توازن کے حصول سے بھی متعلق ہوتے ہیں، نیز واضح کارکردگی اشاریوں کے ذریعے پیش رفت کی پیمائش کرتے ہیں، تاکہ قومی اہداف کو ایک مدبرانہ وقت بندی کے مطابق اور سرکاری و نجی شعبوں کے مابین شراکت داری کے تحت یقینی بنایا جا سکے۔

گیارھویں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ، وژن عمان 2040 کے نفاذ کی دوسری محرک قوت کے طور پر کام کرتا ہے۔

وژن عُمان 2040 اور قومی، شعبہ جاتی اور مکانی سطح پر پانچ سالہ اور سالانہ ترقیاتی منصوبوں کے درمیان ربط

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قومی طویل المدت حکمتِ عملی | عُمان ویژن 2040 | | | |
| درمیانی مدت کے منصوبے | دسواں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ (2025-2021) | گیارہواں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ (2030-2026) | بارھواں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ (2035-2031) | تیرھواں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ (2040-2036) |
| شعبہ جاتی اور مقامی منصوبے | درمیانی مدت کے شعبہ جاتی منصوبے | درمیانی مدت کے مقامی منصوبے | وژن کے بلند اہداف کو درمیانی مدت میں ترجیحی اہداف میں تبدیل کرنا۔ | |
| سالانہ عملیاتی منصوبے | سالانہ سرمایہ کاری اور عملیاتی پروگرامز | پروگراموں اور منصوبوں کا انتخاب، اور انہیں عملی طور پر مؤثر اور کارآمد انداز میں نافذ کرنے کی نگرانی۔ | | |

گیارسواں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ ایک اہم مرحلے میں آتا ہے، جس کا مقصد موجودہ چیلنجز کا مقابلہ کرنا اور دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھانا ہے، تاکہ قومی معیشت کی مسابقتی صلاحیت کو مضبوط بنایا جا سکے اور وژن عُمان 2040 کے اہداف کے حصول کو تیز کیا جا سکے۔



# منصوبے کے اسٹریٹجک اہداف کیا ہیں؟

## ۱ متنوع اور پائیدار معیشت کی تعمیر

**یہ ہدف متعدد اہم شعبوں پر مرکوز ہے، مثلاً:**



- معاشی تنوع کو فروغ دینا
- نجی شعبے کو متحرک اور مضبوط بنانا
- کاروباری قیادت (انٹرپرینیورشپ) اور اختراع کی حمایت
- کاروبار اور سرمایہ کاری کے ماحول کو ترقی دینا
- مقامی مواد کو فروغ دینا اور برآمدات میں اضافہ کرنا
- معاشی شعبوں کو متحرک کرنے کے لیے مصنوعی ذہانت کو اپنانا

## ۲ کم کاربن معیشت کی جانب بتدریج منتقلی اور ماحولیاتی پائیداری کا فروغ

**یہ ہدف متعدد اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے، بشول:**




- سبز معیشت اور دائرہ جاتی معیشت (سرکلر اکانومی) کی جانب منتقلی کو فروغ دینا
- حیاتیاتی تنوع کا تحفظ اور ماحولیاتی پائیداری کو مضبوط بنانا
- موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت رکھنے والی پالیسیوں کو اپنانا
- کاربن اخراج میں کمی لانا اور صاف و قابلِ تجدید توانائی کے استعمال میں توسیع کرنا
- پائیدار بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کو وسعت دینا

## ۳ صوبوں میں معاشی غیر مرکزیت (لامرکزیت) کو مضبوط بنانا

**یہ ہدف مندرجي ذیل  اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے، جن میں شامل ہیں:**



- مقامی نجی شعبے کی حمایت اور ترقی میں اس کے کردار کو مضبوط بنانا
- مقامی معاشی ترقی کو فروغ دینا
- خدمات کے معیار اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا
- مقامی قیادتوں اور غیر مرکزی انتظامیہ کی صلاحیتوں کو بلند کرنا
- صوبوں کو قومی شہری ترقیاتی حکمتِ عملی کے اہداف کے حصول کے لیے بااختیار بنانا

## ۴ لیبر مارکیٹ اور روزگار کی کارکردگی کو بہتر بنانا

**یہ ہدف درج ذیل اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے، جن میں شامل ہیں:**



- ملازمت کے متلاشی افراد کے فوری جذب کو تیز کرنا
- معاشی شعبوں میں پیشہ ورانہ معیارات کو ترقی دینا
- مثبت کام کی ثقافت کو فروغ دینا
- نجی شعبے میں قومی افرادی قوت کو بااختیار بنانا
- حصول روزگار کی کوششوں میں صوبوں کے کردار کو مضبوط بنانا

## ۵ پائیدار سماجی ترقی کو فروغ دینا

**یہ ہدف متعدد اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے، جن میں شامل ہیں:**



- تعلیم اور تربیت کے نظام کو ترقی دینا (مستقبل کی ملازمتوں کے لیے درکار مہارتوں کی ترقی)
- سائنسی تحقیق اور اختراع کو فروغ دینا
- سماجی تحفظ کے نظام کو ترقی دینا
- کھیلوں کے شعبے کو ترقی دینا
- نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنانا
- قومی شناخت کو مستحکم کرنا
- معذور افراد کو بااختیار بنانا
- معاشرے کے مختلف طبقات کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا

## ۶ گورننس اور ادارہ جاتی کارکردگی کو مضبوط بنانا

**یہ ہدف متعدد اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے، مثلا :**



- قوانین و ضوابط کو جدید بنانا اور شفافیت و احتساب کو فروغ دینا
- حکومتی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل تبدیلی کو اپنانا
- عدالتی نظام کو ترقی دینا اور عدالتي طریقۂ کار آسان بنانا
- قانونی شعور اور سماجی شمولیت کو فروغ دینا
- مختلف شعبوں کے درمیان شراکت داری کو مضبوط بنانا

## گیارہویں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کے راستے کیا ہیں؟

دنیا میں تیزی سے رونما ہونے والی جدت اور قلیل زمانی ادوار میں آنے والی تبدیلیوں کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرنے کی کوشش کے تحت، اور عمان وژن 2040 میں طے شدہ امر کی پابندی کرتے ہوئے کہ اس پر عمل درآمد مسلسل پانچ سالہ منصوبوں کے ذریعے کیا جائے گا، نیز جامع ترقی کے لیے مخصوص شعبوں میں کام کو مرکوز کرنے، اور ترجیحات کے تعین میں معاشرتی شراکت اور سرکاری و نجی اداروں کی شمولیت کو وسعت دینے کے پیش نظر، اس منصوبے کو زمانی راستے، منصوبہ بندی متعلقة، اور تکاملی (مشترکہ) جہتوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

### ٹائم لائن

**پہلا عملی پروگرام** — 2026، 2027

اس میں متعدد اسٹریٹجک پروگرام شامل ہیں جن کی نشاندہی کی گئی ہے، جن پر 2026 تا 2027 کے عرصے میں عمل درآمد شروع کیا جائے گا۔

**دوسرا عملی پروگرام** — 2028، 2029

اس میں متعدد اسٹریٹجک پروگرام شامل ہیں جن کی نشاندہی کی گئی ہے، جن پر 2028 تا 2029 کے عرصے میں عمل درآمد شروع کیا جائے گا۔

**تکمیلی عملی پروگرام** — 2030

سال 2030 کو منصوبے کی تکمیلی اور جائزہ جاتی مدت کے طور پر سمجھا جاتا ہے، اور یہ بارہویں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کی تیاری کے لیے تمہیدی مرحلہ ہے۔

## منصوبہ بندی کا طریقہ

منصوبہ بندی کا طریقہ

**أ**

### معاشی پہلو

جو معاشی جہتوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے تاکہ چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے قابل عمل امکانات فراہم کیے جا سکیں اور معاشی عمل کو آگے بڑھایا جا سکے، اور یہی پہلو منصوبے میں مقدّم ہے۔

**ب**

### ترقیاتی پہلو

جو بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے

اور مختلف ترقیاتی تقاضوں

کے فروغ پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔

## تکاملی پہلو

تکاملی راستہ

قومی رجحانات کے مطابق اور مقامی و بین الاقوامی مستجدات کی روشنی میں حکمتِ عملی تیارکرنا

اوپر سے نیچے

نیچے سے اوپر

جو قومی سطح پر وسیع معاشرتی شراکت کے ذریعے حکمتِ عملی پروگراموں سے فنی ٹیموں کے نتائج کو اختیار کرتا ہے۔

## منصوبے میں معاشرتی شراکت کی سطح کس حد تک ہے؟



| | |
|---|---|
| اعلٰی قیادت اور ذمہ وار افسران کے ساتھ مکالماتی نشستیں مکالمہ اور غور و فکر | 21 |
| اعلٰی قیادت کے ساتھ ملاقاتیں | 37 |
| مرکزی فنی ٹیموں کے اجلاس | 122 |
| منعقدہ ورکشاپس | 15 |
| مرکزی ورکنگ ٹیموں کے اراکین | 281 |
| مرکزی ٹیموں کے علاوہ بیرونی شرکاء | 620 |
| ذہنی غور و فکر کی نشستیں | 21 |
| مرکزی فنی ٹیموں میں اراکین کے ساتو شریک ادارے | 100 |

# منصوبے کی تیاری کے مراحل کیا ہیں؟

ورکشاپ – آغاز

24
جولائی
2023






1 مئی -
30 جون
2024

تعارف اور تیاری

شراکتی دائرہ کار
میں توسیع اور
اجتماعی کاوش

1 جولائی
- 31 اگست
2024





1 ستمبر
- 2024
31 جنوری
2025

موجودہ صورتحال کا
تجزیہ اور ترجیحات کا تعین

مرکزی فنی ٹیموں کے
نتائج کا حتمی جائزہ

1 فروری
- 31 مارچ
2025





1 اپریل
- 31 مئی
2025

گیارہویں پانچ سالہ
ترقیاتی منصوبے کی اہم
دستاویزات کی تیاری

گیارہویں پانچ سالہ
ترقیاتی منصوبے کی اہم
دستاویزات کی منظوری

1 جون
- 31 دسمبر
2025



## منصوبے کے لیے ترجیحی معاشی شعبے کون سے ہیں؟

یہ منصوبہ اُن شعبوں پر مرکوز ہے جن میں شرحِ نمو کی اعلیٰ صلاحیت موجود ہے، جو روزگار کے مواقع فراہم کرتے ہیں، اور مجموعی قومی پیداوار میں مؤثر انداز میں حصہ ڈالتے ہیں، جس کے نتیجے میں وسائل کی تقسیم کی کارکردگی میں اضافہ ہوتا ہے اور سرکاری و نجی سرمایہ کاری کی افادیت بلند ہوتی ہے۔

اسی بنیاد پر شعبوں کو مرکزی شعبوں، معاون و فعال شعبوں، نیز دیگر اہم شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے جن کے لیے منصوبے میں اسٹریٹجک پروگرامز شامل کیے گئے ہیں۔

### اہم شعبے

- مینوفیکچرنگ صنعتوں کا شعبہ
- شعبہ سیاحت
- شعبہ ڈیجیٹل معیشت

### معاون شعبے

- شعبۂ تعلیم
- شعبۂ صحت
- شعبہ نقل و حمل
- شعبہ قابلِ تجدید توانائی
- شعبہ غذائی سلامتی
- شعبہ کان کنی

### دیگر شعبے

# منصوبے کے اہم ترین معاشی اشاریے کون سے ہیں؟

مستقل قیمتوں پر مجموعی قومی پیداوار کی شرحِ نمو (%)




علاوہ تیل سرگرمیوں کے لیے مستقل قیمتوں پر مجموعی قومی پیداوار کی شرحِ نمو (%)



## نجی سرمایہ کاری کا مجموعی قومی پیداوار سے تناسب (%)




## براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے بہاؤ کا مجموعی قومی پیداوار سے تناسب (%)



## علاوہ تیل برآمدات کا مجموعی قومی پیداوار میں حصہ (%)




## افراطِ زر کی شرح (%)



## شہری اور مقیم افراد کے لیے اس منصوبے کی کیا اہمیت ہے؟




منصوبے میں 27 اسٹریٹجک پروگرام شامل ہیں، جو تعلیمی، صحتی اور سماجی خدمات کی ترقی، نیز صلاحیتوں اور علم نکھار سے متعلق ہیں۔

منصوبے میں 27 اسٹریٹجک پروگرام شامل ہیں، جو روزگار کے عمل کو تیز کرنے، تربیت فراہم کرنے، اور کاروباری ماحول اور معاشی شعبوں کو بااختیار بنانے سے متعلق ہیں۔

منصوبے میں 18 اسٹریٹجک پروگرام شامل ہیں، جو سماجی تحفظ کو مضبوط بنانے، کاروباری ماحول کو بااختیار بنانے، اور کاروباری قیادت (انٹرپرینیورشپ) کو فروغ دینے سے متعلق ہیں۔

منصوبے میں 25 اسٹریٹجک پروگرام شامل ہیں، جو شناخت، تعلیمی اور صحت کی خدمات کی ترقی، بااختیار بنانے، نیز خاندان کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے سے متعلق ہیں۔

منصوبے میں 26 اسٹریٹجک پروگرام شامل ہیں، جو کام کے ماحول اور مراعات کو بہتر بنانے، صلاحیتوں اور صلاحیتوں (ٹیلنٹ) کو نکھارنے اور اُن کی پائیداری سے متعلق ہیں۔

منصوبے میں 32 اسٹریٹجک پروگرام شامل ہیں، جو کاروباری ماحول کو مضبوط بنانے، مقامی مواد کے فروغ، اور کاروباری قیادت و اختراع کی حمایت کے لیے مرتب کیے گئے ہیں۔

# گیارھویں پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کی بنیادی دستاویزات کون سی ہیں؟



گیارهوان پانچ ساله
ترقیاتی منصوبه
2030 - 2026

economy.gov.om

@moe_oman

گیارهواں پانچ سالہ
ترقیاتی منصوبہ
2030 - 2026